# FOREIGN OFFICE EMPLOYEES COOPERATIVE HOUSING SOCIETY

**تاریخ 11-02-2025**

مکرمی و محترمی جناب، اسلام علیکم

فارن آفس ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (FOECHS) کے نام پر سال 2022 میں ایکسٹینشن فیز سکیم سے پلاٹ بیچنے کا آغاز کیا گیا ہماری اطلاع کے مطابق اس فیز میں آپ نے پلاٹ کی بکنگ کروائی ہوئی ہے۔

اس پروجیکٹ کے سلسلے میں (Terrestic Real Estate ) کمپنی کے FOECHS سے دو عدد معاہدوں کے تحت 500 کنال زمین کی فراہمی، اُسے ڈویلپ کرنا اور LOP کو RDA سے منظور کروا کے سوسائٹی کے حوالے کرنے کی تمام تر ذمہ داری کمپنی ھذا کے ذمہ تھی۔(FOECHS) کا کام ایکسٹینشن فیز کی مشہوری کے لیے اپنا نام کمپنی کو استعمال کرنے دینا خریداروں سے رقم وصول کر کے کمپنی کو دے دینا تھا-اس کے عوض کمپنی نے سوسائٹی کو 10 فیصد رہائشی اور 10 فیصد کمرشل پلاٹس بلا معاوضہ دینے کا وعدہ کیا تھا۔

آپ کو معلوم ہو گا اس فیز کے بارے میں چند بے ضابطگیوں کی وجہ سے ایف ائی اے کے کارپوریٹ سیل نے دسمبر 2024 سے ایک انکوائری کا آغاز کیا اور بعد ازاں مقدمہ درج کر لیا گیا. یہ انکوائری ابھی تک جاری ہے. اس خبر سے پلاٹ کے خریداروں میں اپنی سرمایہ کاری کے مستقبل کے بارے میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔

(FOECHS) کی نئی انتظامیہ نے جنوری 2025 میں جب سوسائٹی کا چارج سنبھالا تو یہ معاملہ سب سے پیچیدہ چیلنج بن کر سامنے آیا-نئی انتظامیہ اس معاملے کو احسن طریقے سے سلجھانے کے لیے مختلف راہ عمل پر نہایت سنجیدگی سے سوچ بچار کر رہی ہے۔

یہ مسئلہ مزید پیچیدہ اس وجہ سے بھی ہوا جب FIA کی انکوائری میں یہ سامنے آیا کہ ایکسٹینشن فیز کہ خریداروں کی کل تعداد 464 ہے جب کہ کمپنی نے اب تک تقریباً صرف 58 (اٹھاون) کنال زمین کا انتقال کروایا ہے اور خریداروں سے ایک کثیر رقم مبلغ -/243،840،000 روپے (چوبیس کروڑ اڑتیس لاکھ چالیس ہزار روپے) وصول بھی کر لی ہے. مذید برآں کمپنی نے سوسائٹی کی پہلے والی انتظامی کمیٹی سے مبلغ -/77،818،236 (سات کروڑ اٹھتر لاکھ آٹھارہ ہزار دو سو چھتیس روپے) بھی غیر قانونی ادھار کے طور پر ایڈوانس حاصل کر رکھے ہیں جو کہ ابھی تک واپس نہیں کیے گئے.

سوسائٹی کی نئی انتظامیہ کے تحت ریکارڈ کی چھان بین کے دوران یہ بات بھی سامنے آئی کہ سوسائٹی کو صرف چند خریداروں نے رقوم جمع کروائیں جبکہ بقایا خریداروں سے کمپنی نے براہ راست رقم وصول کیں جس کا ریکارڈ سوسائٹی میں موجود نہیں ہے۔

FIA انکوائری شروع ہونے کے بعد (Terrestic Real Estate ) کمپنی کے ایک نمائندے (راناساجد صاحب) نے سوسائٹی میں کچھ ریکارڈ جمع کروایا جس کے مطابق اوپر دی گی رقوم کے علاوہ کمپنی نے مبلغ -/180،601،000 (اٹھارہ کروڑ چھ لاکھ ایک ہزار روپے) خریداروں سے مذید وصول کر کے رسیدیں غیر قانونی طور پر سوسائٹی کی طرف سے جاری کیں۔Terrestic Real Estate کی طرف سے وصول ہونے والی یہ تفصیلات کس قدر درست ہیں اس بارے حتمی طور پر کچھ نہیں کہا جا سکتا جب تک تمام خریداروں سے مکمل تفصیلات حاصل نہیں ہو جاتیں۔

اس سلسلے میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ تمام محترم خرید داروں سے انکے پلاٹوں کے بارے میں مکمل معلومات اکٹھی کی جائیں۔ مزید برآں ان سے معروضی حقائق سامنے رکھ کر مشاورت اور آئندہ راہ عمل پر رہنمائی لی جائے اور انہیں اپنے پورے تعاون کا یقین دلایا جائے۔

لہذا ایکسٹینشن فیز کے تمام پلاٹ خریداروں کے لیے FOECHS سائیٹ آفس میں بتاریخ یکم فروری 2025 بروز ہفتہ دوپہر ایک بجے میٹنگ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ مگر مذکورہ میٹنگ میں صرف چند افراد نے شرکت کی اور اپنے پلاٹ کی تفصیلات جمع کروائیں . لیکن مکمل ریکارڈ موجود نہ ہونے کی وجہ سوسائٹی ایسے خریداروں جن کا ریکارڈ موجود نہیں ہے آن کے قانونی حقوق کا تحفظ نہیں کر سکتی ۔

**لہذا ایکسٹینشن فیز کے خریداروں کے وسیع تر مفاد میں سوسائٹی انتظامیہ نے فیصلہ کیا ہے کہ مذکورہ خریداروں سے ایک بار پھر گزارش کی جائے کہ وہ اپنے پلاٹ سے متعلقہ تمام دستاویزات: شناختی کارڈ کی کاپی اور خریدے ہوئے پلاٹ کا نمبر اور ادا کی گئی رقم بشمول قسطوں وغیرہ کا ریکارڈ بذریعہ رجسٹرڈ پوسٹ سوسائٹی سائیٹ آفس واقع نزد سیکٹر I-16 اسلام آباد کے پتے پر فوراً ارسال کر دیں۔**

**20 فروری 2025 تک کاغذات وصول نہ ہونے کی صورت میں کسی کلیم وغیرہ میں آپ کا نام نہ ہونے پر سوسائٹی انتظامیہ قطعاً ذمہ دار نہیں ہوگی۔**

منجانب انتظامیہ کمیٹی (FOECHS)